RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۹	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۷ر رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۱ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۳ر اگست سنہ ۱۹۱۱ء

مزید رخصت بکفتہ جنگ بش صاحب صوبہ دار گورکھا کمپنی ۲۳ر اگست سنہ ۱۹۱۱ء سے ۹ر اگست تک حسب وصول تار مرسلہ صوبہ دار موصوف از راہ پرورش منظور فرمائی گئی -

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ر اگست سنہ ۱۹۱۱ء

مثنہ ناصیہ عرضداشت اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مشمولہ عرضی حبیب اللہ جمعدار بدین خلاصہ کہ فدوی نے سابق مین ایک درخواست گذرانی تھی کہ فدوی کے لڑکیوں کی شادی ہے مبلغ چھ سو روپیہ سرکار سے بلاسودی عطا فرمائے جائین اور تنخواہ سے وضعات کرلیجائے - اسپر بجائے چھ سو کے چار سو روپیہ ملنے کا حکم صادر ہوا ساتھ کفالت نامہ مکان کے دیوانصاحب صدر کہتے ہین کہ مکان مکفول کرا دو اور چار سو روپیہ لیلو - فدوی کی درخواست کا منشا یہ تھا کہ ساتھ کفالت مکان کے مبلغان مرحمت ہون بلکہ یہ تھا کہ چھ سو روپیہ مرحمت ہون - اور تنخواہ سے وضعات کرلیجائے درصورت ممات یا موقوفی فدوی کے اگر وضعات تنخواہ سے رقم سرکاری باقی رہے تو مکان سے وصول ہوسکتی ہے نہ کہ کفالت نامہ کے موافق مکان بموجب جانچ سرکاری کے کافی نہین ہوسکتا لہذا بلا کفالت نامہ کے حکم عطاے روپیہ کا صادر فرمایا جاے

حکم ہوا کہ

حبیب اللہ کو روپیہ دیئے جانیکا حکم پیشتر ہوچکا ہے - تکفیل مکان کی بالفعل ضرورت نہین ہے رجسٹرار صدر کو اطلاع دیجاے تا بیباقی قرضہ سرکار وہ اپنا مکان کہین رہن یا بیع وغیرہ نکر سکے - اور گزٹ مین بھی اعلان کردیا جاے - تعمیلا دیوانصدر کو اطلاع دیجاے - اور احکام جاری ہون

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۹ر اگست سنہ ۱۹۱۱ء

رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست ملاحظہ ہوئی - احکام ذیل جاری کئے جاتے ہین سید نجم الدین رجسٹرار قانونگوے تحصیل ٹانڈہ معزز و برخاست کیا جاتا ہے بجاے اسکے ریاض الحسن سابق انسپکٹر قانونگویان حال قائم مقام رجسٹرار قانونگوے ٹانڈہ رجسٹرار قانونگوئی ٹانڈہ پر اپنے مشاہرہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار کے ساتھ مستقل کیا جاے - اور منور حسین خان امین بندوبست جو مد امانت کی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار اور پانچ روپیہ ماہانہ الاونس اب تک پاتا تھا انسپکٹر قانونگویان مقرر کیا جاے اور تنخواہ اسکو مبلغ بیس روپیہ ماہانہ دیجاے - لیکن عہدہ امانت بندوبست کا جسمین سرحدی تنازعات کا کام کرنا ہوتا تھا تخفیف کیا جاے - اور یہ کام امانت کا بھی منور حسین خان انسپکٹر انجام دیا کرے جبتک کبھی سرحدی تنازعات کا کام منور حسین خان انسپکٹر انجام دے تو موافق ضابطہ کے بیس روپیہ کی تنخواہ داران کو جسطرح پر کہ بھتہ ملتا ہے اسیطرح نامبردہ کو بھی بھتہ حسب قاعدہ ملا کرے -

حکم ہوا کہ

کاغذات ہذا براے اجراے احکام صدر کو مرسل ہون - علاوہ اجراے احکام ضابطہ کے ایک نقل اس حکم کی آڈٹ کو بھی بھیجی جاے - اور ایک نقل براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداء ۳ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		بلاسپور		سوار		شاہ آباد		ملک		ٹانڈہ	
	بارش یومیہ	ابتدا سے	بارش یومیہ	ابتدا سے	بارش یومیہ	ابتدا سے	بارش یومیہ	ابتدا سے	بارش یومیہ	ابتدا سے	بارش یومیہ	ابتدا سے
۳ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء یکشنبہ	۰	۱۵۴	۱۰	۱۸۲	۳	۱۳۴	۰	۱۰۵	۰	۱۳۲	۰	۹۲
۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء دوشنبہ	۱۹	۱۷۳	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۳۴	۵	۱۱۰	۰	۱۳۲	۲	۹۴
۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء سہ شنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۰	۱۳۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۳۲	۰	۹۴
۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء چہارشنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۷	۱۴۱	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۳	۹۷
۷ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء پنجشنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۱۳	۱۵۴	۰	//	۰	//	۲	۹۹
۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء جمعہ	۱۷	۱۹۰	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا
۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء شنبہ	۱	۱۹۱	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۳ لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۱ سار	۱۲ سار	۱۰ سار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۰	۰	۱۴ سار	۱۲ سار	۱۴ سار	
نخود گندم آمیز	۰	۰	۰	۱۲ سار	۱۵ سار	۱۵ سار	
کسیسی	۰	۰	۰	۰	۱۵ سار	۱۶ سار	
ماش	۰	۰	۰	۷ سار	۸ سار	۷ سار	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۹ سار	۷ سار	
مکا	۰	۰	۰	۲۱ سار	۲۰ سار	۲۰ سار	
جھنگا	۰	۰	۰	۲۰ سار	۲۰ سار	۲۰ سار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۱۵ سار	۰	۱۴ سار	
برنج	۰	۰	۰	۶ سار	۶ سار	۶ سار	
روغن زرد	۰	۰	۰	۶۰ سار	۶۰ سار	۵۰ سار	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۲ سار	۲ سار	۲ سار	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۰	۱۰ سار	۰	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۱۳ سار	۱۴ سار	۱۶ سار	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۱۲ سار	۱۶ سار	
گڑ	۰	۰	۰	۰	۱۵ سار	۱۵ سار	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵ سار	۵ سار	۵ سار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ صدر پریس ریاست رامپور